حسين امام كا غم هے اے مؤمنوں آؤ

حسين امام كا غم هے اے مؤمنوں آؤ
حسين حسين كهو اشكِ خون برساؤ

حسيني داعي كو پُرسا دو آج ماتم سے
اُنهيں تسلّي هو آنسوں رُوكے آنكهوں سے
يوں ماتمِ شهِ مظلوم كر كے دِكهلاؤ

كمر شِكسته برادر كي لاش پر پهنچے
تو ديكها بازو كٹے اور مشك تهي ٹُكڑے
كهاں هو بهائي ميرے سينے سے تو لگ جاؤ

اُٹهائے صبح سے تا عصر شاه نے لاشے
پيئے هے موت كے يه گهونٹ پياسے مولىٰ نے
يه صبر اور يه هِمّت هے كِس كي بَتلاؤ

جوان پسر کي ھے يہ لاش اے شہِ والا
نِکالو کانپتے ھاتھوں سے سینے سے نیزہ
مدد کے واسطے حیدر و مصطفیٰ آؤ

چلا نہ شمر کا خنجر گلے پہ سرور کے
کہا حسین نے اُٹھ سجدہ مجھکو کرنے دے
پھر اِسکے بعد جو چاھو تو ظلم تم ڈھاؤ

نہ بھول پائینگے ھرگز ھم ایسے مولیٰ کو
ھمارے واسطے سجدے میں سر کٹائے جو
کوئي حسین سا آقا تو ڈھونڈ کر لاؤ

حسیني شان کے مظھر برھان دیں مولیٰ
جگت میں لے کے دِیا ڈُھونڈو نہ مِلے اِن سا
ھے عرض حشر تلك شان یوں ھي دِکھلاؤ

ھم اپنے مولیٰ پہ یہ جان لُٹانے آئے ھے
یہ اپنے آنسوؤں ماتم کا ھدیة لائے ھے
ھے کم یہ جان اگر عابد نِثار کر پاؤ ✱✱✱✱✱